فریحہ نام رکھنا کیسا؟

مجیب: ابوالحسن ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1815

تاریخ اجراء:24ذوالحجۃالحرام1444ھ/13جولائی2023ء

دارالافتاءاہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

فریحہ نام رکھنا کیسا؟اوراس کا معنی کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

"فریحہ "کے معنی ہیں:"خوش ہونے والی،راضی ہونے والی۔"وضاحت اس کی یہ ہے کہ:

"فریحہ "فریح کی تانیث ہے،جس کا معنی ہے:"خوش ہونے والا،راضی ہونے والا"جیسے علیم کا معنی ہے"جاننے والا"سمیع کا معنی ہے"سننے والا"تواس کی مونث کا معنی بنے گا:"خوش ہونے والی،راضی ہونے والی۔"

لہذا معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنے میں حرج نہیں۔البتہ!بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات،بیٹیوں،نانیوں،دادیوں،صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اوران بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیارکم"ترجمہ:اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب،جلد2،صفحہ58،حدیث2328،دارالکتب العلمیۃ،بیروت)

بہار شریعت میں ہے:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یااون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔"(بہار شریعت،جلد3،حصہ15،صفحہ356،مکتبۃ المدینہ،کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "**نام رکھنے کے احکام**" کا مطالعہ کیجئے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net